Process Safety Beacon
Messages for Manufacturing Personnel
www.aiche.org/ccps/process-safety-beacon

An AIChE Technology Alliance
CCPS
Center for Chemical Process Safety
aiche.org/ccps

This issue sponsored by
ioMosaic®
Minimizing risk. Maximizing potential.®
www.iomosaic.com

بیسویں سالگرہ مبارک - پروس سیفٹی بیکن

November 2021

Figure 1 Process Safety Beacons across 20 years

بیس سال پہلے سی سی پی ایس - میمبر کمپنی کے نمائندوں کے ایک گروپ نے مل کر یہ اخذ کیا کہ ایک نیا پروس سیفٹی ٹول ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ ٹول فرنٹ لائن ملازمین کے لئے تھا، خصوصاً آپریشن اور مینٹیننس کے لوگوں کے لئے۔ اس کے نتیجے پروس سیفٹی بیکن بنا۔ نومبر ۲۰۰۱ میں پہلا ایڈیشن ایک ٹیکسٹ ڈوکیومنٹ کے طور پر شائع ہوا۔ کمیٹی اس کو ہر مہینے شائع کرتی رہی اور اب اس کے ۳۰،۰۰۰ سے زائد سبسکرائبرز ہیں۔ پڑھنے والوں کی تعداد چند سو سے اب تقریباً ۱۰ لاکھ تک تجاوز کر چکی ہے۔

بیکن کا مقصد فرنٹ لائن ملازمین کو پروس سیفٹی کا پیغام اس طرح سے پہنچانا تھا کہ اُس کو شیئر کیا جا سکے، بولیٹن بورڈ پہ لگایا جا سکے، ٹول باکس میٹنگز میں استعمال کیا جا سکے یہ پھر سیفٹی مومنٹس میں لوگو کی یاد دہانی کے لئے پیش کیا جا سکے۔

اس کی بیس سالہ تاریخ میں دو سو سے زیادہ بیکنز شائع کئے گئے ہیں جن کو پروس سیفٹی بیکن آرکائیو پہ پڑھا جا سکتا ہے۔

https://www.aiche.org/ccps/resources/process-safety-beacon/archives

کیا آپ جانتے ہیں؟

- پروس سیفٹی بیکن سب سے زیادہ پڑھے جانے والی AICHE کی پبلیکیشن ہے۔ تقریباً دنیا میں ۱۰ لاکھ سے زیادہ لوگ بیکن پڑھتے ہیں۔
- ہر ماہ ایک کمیٹی مناسب ریویو اور جانچ پڑتال کے بعد بیکن لکھتی ہے تاکہ یقین دہانی ہو سکے کہ پڑھنے والے کو مناسب اور کارآمد میٹیریل مل رہا ہے۔ کمیٹی اس ۲۰ سالہ کاوشوں کی بنا پر ہمارے شکریہ کی حقدار ہے۔
- بیکن اب ۴۰ زبانوں میں شائع ہوتا ہے جس کے لئے ہم متروجم کا شکر گزار ہیں جو اس کے لئے اپنا وقت اور کوشش صرف کرتے ہیں۔
- اس بیکن کو کوئی بھی سبسکراب کر سکتا ہے۔ اس لنک پر کلک کر کے :

https://aiche.informz.net/AICHE/pages/Beacon_Subscribe_Page

۔اس بیکن کی نقل کرنے اور اس کو شیئر کرنے کی نا صرف اجازت ہے بلکہ اس کو سراہا بھی جاتا ہے۔

- ۔اگرچہ بیکن میں حادثے سے متعلق کچھ وجوہات پہ بات کی جاتی ہے۔ اکثر ایک حادثے میں اور بہت سی وجوہات شامل ہوتی ہیں۔

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- اپنی ٹیم کے ساتھ بیکن پر گفتگو کریں اور اس سے نکلنے والے خیالات کو آپریشنز پر اپلائی کریں۔
- بیکن پڑھیں اور خود سے کچھ سوالات کریں جیسے کہ:
- کیا ایسا کوئی واقع میرے ایریا میں بھی ہو سکتا ہے؟
- اس طرح کے حادثے سے بچنے کے لئے ہمارے پاس کیا سسٹم موجود ہیں؟
- کیا سیف گارڈز اچھی حالت میں ہیں؟
- بیکن کو پڑھتے رہیں اور شیئر کرتے رہیں۔
- اگر آپ کے پاس بیکن ٹاپک کا کوئی آیڈیا ہو تو وہ اس پتے پر بھیجیں

ccps_beacon@aiche.org

بیکن -بیس سالوں سے پروس سیفٹی کے اسباق شیئر کر رہا ہے!!!

Translated by: Sara Sultan
Fatima Fertilizer Company LTD.

©AIChE 2021. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.